## بلوچستان کے صوبائی وزیر سردار رستم جمالی کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، الطاف حسین

لندن ۔۔۔6، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں بلوچستان کے صوبائی وزیر ایکسائز سردار رستم جمالی کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ سردار رستم جمالی کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اورانہیں عبرتناک سزادی جائے۔انہوں نے سردار رستم جمالی کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سردار رستم جمالی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## بلوچستان کے صوبائی وزیر سردار رستم جمالی کے بہیمانہ قتل پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی ۔۔۔6، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں فائرنگ سے بلوچستان کے صوبائی وزیر ایکسائز سردار رستم جمالی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے سردار رستم جمالی کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سردار رستم جمالی کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث سفاک قاتلوں کو سخت سے سخت ترین سزادی جائے۔

## ایم کیوایم ایک انقلابی تحریک ہے جو ملک کے غریب متوسط طبقہ کے حقوق کے اصلول کیلئے جدوجہد کررہی ہے، سلیم شہزاد

### وہ طبقہ جو ملک کو جاگیرداروں وڈیروں کے چند خاندانوں کے شکنجہ میں جکڑ کر رکھنا چاہتا ہے وہ ایم کیوایم کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے

### ایم کیوایم ملک سے دوفیصد استحصالی طبقہ، جاگیردارنہ، وڈیرانہ، فرسودہ نظام اورملک سے انتہاپسندی کا خاتمہ چاہتی ہے

### محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے تحت دبئی میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

دبئی۔۔6اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک انقلابی تحریک ہے جو ملک کے غریب متوسط طبقہ کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور انشاءاللہ ایک دن آئے گا جب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں مظلوم عوام کوان کے جائز حقوق حاصل ہونگے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے تحت دبئی میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماع میں مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، دبئی، شارجہ، العین، عجمان، ابوظہبی اور جبل علی یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔سلیم شہزاد نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے ،ایم کیوایم سیاست برائے خدمت کررہی ہے تاکہ غریب ومحکوم عوام کے برسوں سے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے دن رات کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے دوفیصد استحصالی طبقہ، جاگیردارنہ، وڈیرانہ، فرسودہ نظام اورملک سے انتہاپسندی کا خاتمہ چاہتی ہے تاکہ ملک میں غریب متوسط طبقہ کی حکمرانی ہوعوام کے مسائل حل ہوسکیں اورعوام کو یکساں حقوق حاصل ہوں۔اسی لئے وہ طبقہ جو ملک کو جاگیرداروں وڈیروں کے چند خاندانوں کے شکنجہ میں جکڑ کر رکھنا چاہتا ہے وہ ایم کیوایم کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے لیکن ان تمام تر سازشوں اورمنفی پروپیگنڈوں کے باوجود ہماری جدوجہد جاری ہے اورانشاءاللہ ہم ایک دن ملک سے فرسودہ نظام بدل کردم لیں گے۔انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ یکسوئی سے کام کریں آپس میں رابطہ مضبوط کریں اورانفرادی مفادات کے بجائے اجتماعی مفادات کوفوقیت دیں اورخودکو زیادہ سے زیادہ نظریاتی طور پر مستحکم کریں۔سلیم شہزاد نے قائد الطاف حسین کی جانب سے ملک کی موجودہ صورتحال خصوصاً سندھ، بالخصوص کراچی میں طالبائزیشن اورلینڈ مافیا کی جانب سے منفی سرگرمیوں پر تفصیلی روشنی ڈالی اورملک کو درپیش مسائل سے نکالنے اورملکی استحکام کیلئے کی جانے والی کاوشوں اوراسکی راہ میں حائل دشواریوں سے بھی آگاہ کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،صوبائی وزراءومشیران،ارکان اسمبلی نے شب برات کے موقع پر جناب الطاف حسین کے والدین اورحق پرست شہداء کی قبروں پرحاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائیں

کراچی۔۔۔6،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست صوبائی وزراءومشیران، ارکان سندھ اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات اور ونگز کے ارکان نے شب برات کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدین اورحق پرست شہداء کی قبروں پرحاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائی۔ شب برات کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے عزیز آباد کے قبرستان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصرحسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید، حق پرست شہداءاور پاپوش نگر کے قبرستان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدمحترم نذیرحسین مرحوم، والدہ محترمہ خورشید بیگم اورحق پرست شہداء کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پرانہوں نے ملک وقوم کے استحکام، دہشت گردی کے خاتمے، مرحومین اور شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اورایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے کےعلاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔بعدازاں حق پرست ارکان اسمبلی اورٹاؤن ناظمین نے اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں واقع قبرستانوں کا دورہ کیا اورشب برات کے موقع پر کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پرانہوں نے حق پرست شہداء کی قبروں پر بھی حاضری دی اوران کے بلند درجات کیلئے دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم کے ہمدردرحمان کے قاتلوں کوگرفتارکیاجائے،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔6،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے ہمدرد رحمان ولد کمال کی مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہادت اوراسی یونٹ کے کارکن شاہدعلی ولدمحمدعلی کے زخمی ہونے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورتسلسل کے ساتھ ایم کیوایم کےمعصوم کارکنان و ہمدردکی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کوشہر کاامن تہس نہس کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ماضی میں بھی تمام ترمظالم اورناانصافیوں کے باوجود ملک کی سلامتی اوراستحکام کیلئے جدوجہد کرتی رہی ہے اورایم کیوایم کے عملی کردار کے باعث ہی ملک میں جمہوریت پنپنی رہی ہے اور جوسازشی عناصر ایم کیوایم کے معصوم کارکنان و ہمدردوں اورمنتخب بلدیاتی نمائندوں کوفائرنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے شہید کررہے ہیں وہ ملک کے استحکام اور جمہوریت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے ہمدرد رحمان ولد کمال کی شہادت پرتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورزخمی کارکن شاہدعلی ولدمحمدعلی کو جلدومکمل صحت یابی عطا کرے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نےصدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے ہمدرد رحمان ولد کمال کی مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہادت اورکارکن شاہدعلی ولدمحمد کے زخمی ہونے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ملوث حقیقی دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اورقتل وغارتگری میں ملوث دہشت گردوں کو عبرتناک سزادی جائے۔

## چندمٹھی بھر شر پسندوں نے پوری دنیامیں اسلام کے تشخص اور پاکستان کے امیج کوخراب کررکھا ہیں،کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی۔۔۔ 6/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک ترین دور سے گزر رہا ہے اور چندمٹھی بھر شر پسندوں نے پوری دنیا میں اسلام کے تشخص اور پاکستان کے امیج کوخراب کررکھا ہیں۔یہ بات ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ نے گزشتہ روز اولڈ لیاری میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہ پاکستان کی افواج قبائلی علاقہ جات میں آپریشن راہ راست کے ذریعے پاکستان کے امیج کو بہتر کرنے اوراسلام کے خلاف ہونے والی سازش کوناکام بنانے کی کوشش کررہی ہیں اورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ملک

کے واحد رہنما ہے جنہوں نے ملک کو درپیش طالبانائزیشن کے خطرات کے حوالے سے بہت پہلے ہی آگاہ کر دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ ارباب اختیار نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کی سازش کے خدشات پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا جس کے باعث آج پاکستان کو شدید نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے اور ملک کی سلامتی اور استحکام شدید خطرے سے دوچار ہے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے درمیان اتحاد و یکجہتی کو مزید مضبوط بنائیں اور تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دینے کیلئے اپنا عملی کردار انجام دیتے رہیں۔

## پی آئی بی سیکٹر کے کارکن کے والد اور خیر پور زون کے جوائنٹ یونٹ انچارج کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔ 6/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن فضل محمود شاہ کے والد عبدالحکم شاہ اور ایم کیوایم خیر پور زون یونٹ کوٹ میر محمد کے جوائنٹ یونٹ انچارج رحیم ڈنو جاگیرانی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے اور دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ربطہ کمیٹی نے نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## راولپنڈی سے اسکردو جانے والی بس کے دریائے سندھ میں گرنے کے حادثے میں متعدد مسافروں کے جاں بحق ہونے پر لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔6،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی سے اسکردو جانے والی بس کے دریائے سندھ میں گرنے کے حادثے میں متعدد مسافروں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عامر اختر کے بھائی وسیم اختر ڈاکوؤں سے مقابلہ کرتے ہوئے فائرنگ سے جاں بحق ہوگئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67-B کے کارکن عامر اختر کے بھائی وسیم اختر کے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عامر اختر کے بھائی وسیم اختر محکمہ پولیس میں اے ایس آئی کے عہدے پر تھے اور گزشتہ روز طارق روڈ پر ڈیوٹی کے دوران ان کی پولیس پارٹی کا ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا جس میں وہ ڈاکوؤں سے مقابلہ کرتے ہوئے جاں بحق ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ وسیم اختر کے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،مسلح ڈاکوؤں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## بدین اورٹنڈو محمد خان کی آئل فیلڈز میں مقامی لوگوں کو روزگار فراہم کیا جائے، ہیر سوہو آبادگاروں کی جانب سے آئل فیلڈز کے گھیراؤ پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔6، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر سوہو نے آبادگاروں کی جانب سے بدین وٹنڈو محمد خان کی آئل فیلڈز کے گھیراؤ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ آئل فیلڈز میں معاہدوں کی خلاف ورزی کے باعث تیل کی بندش کی صورتحال پیدا ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں سے بدین و ٹنڈو محمد خان میں قائم مختلف آئل فیلڈز کو جانے اور آنے والے راستے بند ہیں جس کی بناء پر تیل کی ترسیل بند ہوچکی ہے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال خراب ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم ایگریمنٹ کنورشیم کے تحت تمام آئل فیلڈز پابند ہیں کہ پیداوار کا پانچ فیصد حصہ مقامی افراد کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے گا اور علاقے کے لوگوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئل فیلڈز کی جانب سے کسی بھی معاہدے کی پاسداری نہیں کی جارہی ہے جس کی وجہ سے تیل کی بندش جیسی صورتحال بھی پیدا ہوچکی ہے۔ محترمہ ہیر سوہو نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ بدین وٹنڈو محمد خان کی آئل فیلڈز کی صورتحال کا سختی سے نوٹس لیا جائے، تیل پیدا کرنے والی کمپنیوں کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ آئل فیلڈز میں مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے کئے جانے والے معاہدوں کی پاسداری کریں۔

## غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم نیوکراچی، محمود آباد سیکٹرز اور حیدرآباد زون کے متعدد کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن ظہیر الدین بابر کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا

کراچی۔۔۔6، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ A-143 کی یونٹ کمیٹی کے رکن ناصر لودھی ولد محمد اسحاق لودھی، کارکنان محمد رفیق قریشی ولد رشید احمد، ظفر اقبال ولد محمد اقبال، محمد شاہد راجہ انصاری ولد حاجی مستقیم انصاری، کامران اسحاق ولد محمد اسحاق، ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 1 کی یونٹ کمیٹی کے رکن جاوید جلال ولد جلال الدین اور ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ایف یونٹ A-13 کے کارکن ساجد فوجی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے جبکہ رابطہ کمیٹی تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-137 کے کارکن ظہیر الدین بابر ولد عبدالعلیم خان کو غیر معینہ مدت کے لئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆